تحسین و تبریک

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نائب صدر مرکزی مجلس عمل اور ایڈیٹر الحق کے نام قارئین کے خطوط

——— ہمہ گیر خوشیاں
——— بے پناہ مسرتیں !

قادیانی مسئلہ میں فتح ہر مسلمان کے لئے ذاتی خوشیوں کا باعث ہے، بجا طور پہ ہر فرد ایک دوسرے کو مبارکباد دیتا ہے۔ ملّت مسلمہ ایک جسد واحد ہے اور آج ساری ملّت ایک جان ہو کر مسرّتوں سے جھوم اٹھی ہے۔ ذیل میں چند ایسے خطوط کے اقتباسات دیے گئے ہیں۔ ——— ادارہ ———

——— اس عظیم کامیابی پر اپنی اور ارکان جمعیۃ اتحاد العلماء پاکستان کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں دوسری دینی فتح یابیوں کا ایک دروازہ کھل گیا ہے، مشترکہ مجلس عمل کی شکل میں اتحاد و اتفاق کو اسی طرح باقی رکھ کر مجلس عمل کی سرکردگی میں مملکت کے اندر مکمل اسلامی نظام قرآن و سنّت کے مطابق جیساکہ آئین میں تسلیم کیا گیا ہے، عملاً جاری و نافذ کرائیں اور ایسی فضا پیدا ہو کہ اسلام کے سوا کسی اور ازم کا کوئی نام تک نہ رہ سکے۔ قادیانیت کے اس مورچہ پہ اس فتح مندی کے بعد اب باطل کی دوسری کمین گاہوں کو شکست دینی چاہیئے۔

مولانا سید سیاح الدین کاکاخیل صدر جمعیۃ اتحاد العلماء پنجاب۔ لائل پور

بلاشبہ تحریک میں سارے ملک نے حصّہ لیا مگر اس سے قبل ملکی اخبارات اور قومی اسمبلی کا ریکارڈ گواہ ہے کہ آپ قومی اسمبلی میں باطل کے اس عفریت پہ کاری ضربیں لگاتے رہے ہیں۔ میں دین کے ایک خادم کی حیثیت سے جناب اور دارالعلوم حقانیہ کے ماہنامہ الحق اور اس کے مدیر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ یہ سب تحریک کے فروغ اور تکمیل کے کام آئے۔

غلام نبی شاہ مہتمم مدرسہ سراج العلوم چھوڑی بالنسہرہ۔